کامیابی کے ساتھ بلاسود بنک کاری ہو رہی ہے۔

مذکورہ کتاب کے باب ششم میں فاضل مصنف نے ترقی پذیر ممالک پر امریکہ' ورلڈ بنک' آئی ایم ایف' ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کی مار دھاڑ اور نام نہاد مسلمان حکمرانوں کی بے حمیتی کے نمونے جمع کیے ہیں۔

مختصر یہ کہ اس موضوع پر یہ ایک عمدہ اور مفید و معاون کتاب ہے۔ البتہ پروف خوانی مزید توجہ سے ہونی چاہیے۔ (عبدالجبار بھٹی)

نیل کا مسافر (ناول) اختر حسین عزمی۔ ناشر: اذانِ سحر پبلی کیشنز' ۴۲- چیمبر لین روڈ' لاہور۔ صفحات: ۱۵۹۔ قیمت: ۸۰ روپے۔

اخوان المسلمون کے بانی اور مرشد عام سید حسن البناؒ شہید کی داستانِ عزیمت کو ناول کے دل چسپ پیرائے میں پیش کیا گیا ہے۔ مصنف نے اپنی اس کاوش میں ادبی اور تحریکی دونوں تقاضوں کو نبھانے کی کوشش کی ہے۔

اس ناول سے سید حسن البناؒ کی ابتدائی زندگی' تعلیمی کارناموں' سماجی خدمات' دعوتی سرگرمیوں' اس دور میں مصر کے سیاسی حالات' اخوان المسلمون کے قیام' اسے درپیش اندرونی اور بیرونی خطرات اور قید خانوں میں ڈھائی جانے والی صعوبتوں کا بھی اندازہ ہوتا ہے اور پتا چلتا ہے کہ حسن البنا شہید کو کس طرح شہید کیا گیا۔ اسی طرح اصلاحِ احوال اور غلبۂ دین کے لیے اخوان المسلمون کے قائد کی فکرمندی' فرقہ بندی کے خلاف چارہ جوئی' تزکیہ نفس پر زور' حکیمانہ دعوتی اسلوب' لذتِ تقریر اور مدلل اندازِ گفتگو سمیت ان کی شخصیت کے کئی پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا ہے۔ مصنف کا اصلاحی اسلوب پورے ناول پر محیط ہے۔ ناول سادہ اور بیانیہ نثر میں لکھا گیا ہے۔ ناول کی فنی باریکیوں سے قطع نظر' مصنف نئی نسل کے سامنے حسن البنا شہیدؒ کی شخصیت کو ایک آئیڈیل کے طور پر پیش کرنا چاہتے ہیں اور اس میں وہ کامیاب ہیں۔ (سلیم اللہ شاہ)